**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 21.09.2025**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | یونیورسٹی کے مفاد میں اقدامات سے وسائل کے استعمال میں بہتری آئے گی، گورنرمندوخیل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | بچوں کو ویکسین لگوانا ایک محفوظ وصحت مند معاشرے کی بنیاد ہے، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | صحت کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے، بخت محمد کاکڑ۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | پاک سعودیہ دفاعی معاہدہ تاریخ ساز پیش رفت ہے، راحیلہ درانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | ماسٹر پلان کے تحت ڈیرہ مراد جمالی کو جدید شہر بنائیں گے، صادق عمرانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل بلوچستان حکومت کی اولین ترجیح ہے، سلیم کھوسہ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | آغا شکیل کے گھر پہ بم حملہ بزدلانہ فعل ہے، سردار کوہیار ڈومکی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | خوشحالی کے لیے دعاؤں کے بجائے عملی اقدامات کی ضرورت ہے، فیصل جمالی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کا دورہ حب جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | علاقائی ترقی شہری سہولیات کی بحالی کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جارہا ہے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کی شہریوں کو کوائف جمع کرنے کی ہدایت۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | ضلع انتظامیہ کوئٹہ کی کارروائیاں 87 دکانوں کا معائنہ 5 جیل منتقل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | گوادر میں پانی طویل پائپ لائن کو بحال کردیا گیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے ہی سہولیات میسر آئینگی، ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | چمن بارڈر کے راستے افغان پناہ گزینوں کی واپسی کا عمل دوبارہ شروع۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | تعلیم خیرات نہیں حق بلوچستان میں 26 لاکھ بچے علم سے محروم ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان کے سیاسی رہنماؤں کا پاکستان سعودی عرب دفاعی معاہدے کا خیر مقدم۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | پنجاب کے سیلاب متاثرین کے ساتھ کھڑے ہیں، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگراخبارات |

**امن وامان:**

گندم کی خورد برد میں ملوث محکمہ خوراک کے دو سابق فوڈ کنٹرولر اور اسسٹنٹ گرفتار، پنجگور چور رنگے ہاتھوں گرفتار، پنجگور میں گولیوں سے چھلنی لاش برآمد، کوئٹہ مسلح موٹر سائیکل سوار شیخ زید ہسپتال کے سیکورٹی گارڈز سے اسلحہ چھین کر فرار، جعفر ایکسپریس پر حملے کا ماسٹر مائنڈ فتنہ الہندوستان کا دہشت گرد افغانستان میں پراسرار طور پر ہلاک، گندم کی ہزاروں بوریاں گودام سے غائب، 2 افسران گرفتار۔

**عوامی مسائل:**

کوئٹہ آٹے کا بحران 20 کلو کا تھیلا 2600 روپے تک جا پہنچا انتظامیہ خاموش، کوچہ شیر علی جوائنٹ روڈ کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، جھوٹے مقدمات کے خلاف قومی شاہراؤں پر دھرنا دیں گے کسان اتحاد پاکستان۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 21.09.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گزشتہ روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جماعت اسلامی کے مرکزی امیر نعیم الرحمٰن سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ "بلوچستان یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اس سلسلے میں نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لیے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے۔صوبے میں "میرٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے۔گزشتہ دو سال کے دوران 3200 بند سکول فعال کر دیئے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 465 نئے کمیونٹی سکول قائم کئے گئے ہیں۔اس طرح صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لا رہے ہیں۔بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔اس موقع پر امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے لیے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لیے تعاون کے لیے تیار ہیں۔

**اداریے:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**نوجوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کا دو ٹوک اور قابل ستائش عزم!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں محکموں میں بے ضابطگیاں گورننس پر منفی اثرات**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**صوبے میں میرٹوکریسی کو بنیاد بنا کر ترقی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "**$7.7 Billion approved for Reqo Diq**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

گورنر وزیراعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 21 SEP 2025 Page No. 1


## یونیورسٹی کے مفاد میں اقدامات سے وسائل کے استعمال میں بہتری آئیگی، گورنر مندوخیل

**یونیورسٹی میں غیر ضروری ڈیپارٹمنٹس کا خاتمہ اور مارکیٹ ڈیمانڈ کے مطابق مضامین کا متعارف کرانا قابل ستائش ہے**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یونیورسٹی آف بلوچستان میں بعض غیر ضروری ڈیپارٹمنٹس کو ختم کرنا اور مارکیٹ کی ضرورت اور روزگار کے امکانات سے منسلک مضامین کا متعارف کرانا ایک قابل ستائش بصیرت ہے۔ کافی سوچ بچار اور باہمی مشاورت کے بعد دیگر پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کیلئے بھی ہم متعدد قابل تقلید مثال قائم کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ایک ہی یونیورسٹی میں دو متعلقہ ڈیپارٹمنٹس جیسے جیوفزکس کو جیالوجی، سیسمولوجی (Seismology) کو فزکس، رینیوبل انرجی کو اینوائرمنٹل سائنسز، انتھروپولوجی (Anthropology) کو سوشیالوجی اور کامرس کو انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز میں ضم کرنا بذات خود دانشمندانہ فیصلے ہیں۔ اسی کے برعکس ان ضروری مضامین جیسے کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI) وغیرہ کا یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی بار ڈیپارٹمنٹ کا آغاز موجودہ تقاضوں اور ابھرتی ہوئی انسانی ضروریات کو پورا کرنے کی ایک انوکھی مثال ہے۔ ایسے انقلابی اقدامات ہمارے نوجوانوں کے مستقبل کو موثر طریقے سے کامیاب اور محفوظ بناتے ہیں۔ گورنر مندوخیل یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور بازئی اور ان کی پوری ٹیم کی کارکردگی اور وژن کو سراہتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ عصر حاضر کے تقاضوں اور یونیورسٹی کے مفاد میں اٹھائے گئے اقدامات سے وسائل کے استعمال میں بہتری آئیگی اور تعلیم کے شعبے کی بنیاد مضبوط ہوگی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ آجکل اسٹوڈنٹس بھی فیوچر ویلیو اور روزگار کے مواقع پر مبنی کورسز کا انتخاب کرتے ہیں تاہم ہماری یونیورسٹیوں اور ان کے کیمپسز میں ایک تلخ حقیقت موجود ہے کہ بعض ڈیپارٹمنٹس میں اساتذہ کی تعداد طلباء※ سے زیادہ ہے۔ یہ وسائل کے ضیاع کا باعث ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ حکومت مادری زبانوں کی ترقی و ترویج کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے۔ مادری زبانیں ہماری قومی پہچان ہیں۔ ان کی حقانیت ماں کی لازوال ممتا کی وجہ سے قائم ہے اور مادری زبان ایک نسل سے دوسری نسل کو وراثت کی منتقلی کا طویل سلسلہ ہے۔ لیکن پچھلے کئی برس سے کالجز میں بی ایس کورسز شروع کرانے کے بعد یونیورسٹی آف بلوچستان کے لینگویج ڈیپارٹمنٹس اردو، بلوچی، پشتو، براہوی اور فارسی میں طلباء※ کی تعداد کم ہو چکی ہے لہٰذا ہم تمام لینگویجز کیلئے ایک مشترکہ "انسٹیٹیوٹ آف لینگویسٹک" بنا رہے ہیں اس یقین کے ساتھ کہ یہ تمام لینگویجز کے درمیان روابط بڑھانے کا معتبر وسیلہ بھی بنے گا۔



گورنر جعفر مندوخیل سے وی سی جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر ظہور بازئی ملاقات کررہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سابق ڈپٹی کمشنر عبدالخالق مندوخیل کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں


Century Express Quetta


## مادری زبانوں کی ترویج وترقی حکومتی ترجیح ہے، گورنر

**یونیورسٹی کے لینگویج ڈیپارٹمنٹس اردو بلوچی پشتو براہوی میں طلباء کی تعداد کم ہوگئی**

**بعض غیر ضروری ڈیپارٹمنٹس کو ختم کرنا قابل ستائش بصیرت ہے، جعفر مندوخیل**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یونیورسٹی آف بلوچستان میں بعض غیر ضروری ڈیپارٹمنٹس کو ختم کرنا اور مارکیٹ کی ضرورت اور روزگار کے امکانات سے منسلک مضامین کا متعارف کرانا ایک قابل ستائش بصیرت ہے۔ کافی سوچ بچار اور (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

باہمی مشاورت کے بعد دیگر پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کیلئے بھی ہم متعدد قابل تقلید مثال قائم کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ایک ہی یونیورسٹی میں دو متعلقہ ڈیپارٹمنٹس جیسے جیوفزکس کو جیالوجی، سیسمولوجی (Seismology) کو فزکس، رینیوبل انرجی کو اینوائرمنٹل سائنسز، انتھروپولوجی (Anthropology) کو سوشیالوجی اور کامرس کو انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز میں ضم کرنا بذات خود دانشمندانہ فیصلے ہیں۔ اسی کے برعکس ان ضروری مضامین جیسے کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI) وغیرہ کا یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی بار ڈیپارٹمنٹ کا آغاز موجودہ تقاضوں اور ابھرتی ہوئی انسانی ضروریات کو پورا کرنے کی ایک انوکھی مثال ہے۔ ایسے انقلابی اقدامات ہمارے نوجوانوں کے مستقبل کو موثر طریقے سے کامیاب اور محفوظ بناتے ہیں۔ گورنر مندوخیل یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور بازئی اور ان کی پوری ٹیم کی کارکردگی اور وژن کو سراہتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ عصر حاضر کے تقاضوں اور یونیورسٹی کے مفاد میں اٹھائے گئے اقدامات سے وسائل کے استعمال میں بہتری آئیگی اور تعلیم کے شعبے کی بنیاد مضبوط ہوگی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ آجکل اسٹوڈنٹس بھی فیوچر ویلیو اور روزگار کے مواقع پر مبنی کورسز کا انتخاب کرتے ہیں تاہم ہماری یونیورسٹیوں اور ان کے کیمپسز میں ایک تلخ حقیقت موجود ہے کہ بعض ڈیپارٹمنٹس میں اساتذہ کی تعداد طلباء سے زیادہ ہے۔ یہ وسائل کے ضیاع کا باعث ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ حکومت مادری زبانوں کی ترقی و ترویج کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے، مادری زبانیں ہماری قومی پہچان ہیں۔ ان کی حقانیت ماں کی لازوال ممتا کی وجہ سے قائم ہے اور مادری زبان ایک نسل سے دوسری نسل کو وراثت کی منتقلی کا طویل سلسلہ ہے۔ لیکن پچھلے کئی برس سے کالجز میں بی ایس کورسز شروع کرانے کے بعد یونیورسٹی آف بلوچستان کے لینگویج ڈیپارٹمنٹس اردو، بلوچی، پشتو، براہوی اور فارسی میں طلباء کی تعداد کم ہو چکی ہے لہٰذا ہم تمام لینگویجز کیلئے ایک مشترکہ " انسٹیٹیوٹ آف لینگویسٹک" بنا رہے ہیں اس یقین کے ساتھ کہ یہ تمام لینگویجز کے درمیان روابط بڑھانے کا معتبر وسیلہ بھی بنے گا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہم من حیث القوم ترقی اور ارتقاء کے سفر میں دنیا کی دیگر ترقی یافتہ اقوام کے مقابلے میں پیچھے رہ چکے ہیں۔ سردست اس گلوبل ویلیج میں مختلف زبانوں اور گلوبل سیویلائزیشن میں ہم آہنگی اور یکجہتی کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے لہٰذا ہمارے پالیسی میکرز اور دانشوروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ترقی یافتہ زبانوں میں قیمتی علمی و سائنسی مواد کو اپنی مادری زبانوں میں ترجمہ کرانے کیلئے جامع حکمت عملی بنائیں۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سابق ڈپٹی کمشنر عبدالخالق مندوخیل کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 27 ربیع الاول 1447ھ 21 ستمبر 2025ء صفحات 24 | شمارہ 76

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL:081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے


## بچوں کو ویکسین لگوانا ایک محفوظ و صحت مند معاشرے کی بنیاد ہے، سرفراز بگٹی

وفاقی وزیر صحت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، انہوں نے اپنی بیٹی کو ویکسین لگوا کر بطور والد قومی صحت مہم پر اعتماد کا اظہار کیا' وزیر اعلیٰ بلوچستان

### مصطفیٰ کمال نے قوم کو یہ یقین دلایا کہ ہماری بیٹیوں کی صحت سب سے مقدم ہے' سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی بیٹی کو ویکسین لگوا کر انہوں نے نہ صرف بطور والد اس قومی صحت مہم پر اعتماد کا اظہار کیا ہے بلکہ بطور رہنما قوم کو یہ یقین بھی دلایا ہے کہ ہماری بیٹیوں کی صحت سب سے مقدم ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وفاقی وزیر صحت کا یہ اقدام ویکسین.........

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کے خلاف ہر منفی پروپیگنڈے کا بہترین جواب ہے اور اس سے عوام کو حوصلہ اور اعتماد ملے گا انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صحت کے شعبے کے فروغ کیلئے مصطفیٰ کمال کی قیادت قابلِ فخر ہے اور ان کے عملی اقدامات اس عزم کی غمازی کرتے ہیں کہ قوم کی آئندہ نسلوں کو صحت مند مستقبل دیا جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بچوں کو ویکسین لگوانا نہ صرف بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے بلکہ ایک محفوظ اور صحت مند معاشرے کی بنیاد بھی ہے میر سرفراز بگٹی نے والدین پر زور دیا کہ وہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تا کہ آنے والی نسلوں کو بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے۔

CamScanner

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 277 | اتوار، 27 ربیع الاول، 21 ستمبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# بچوں کو ویکسین لگوانا صحت مند معاشرے کی بنیاد ہے، وزیر اعلیٰ

## وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے اپنی بیٹی کو ویکسین لگوا کر اس قومی صحت مہم پر اعتماد کا اظہار کیا، سرفراز بگٹی

### ملک میں صحت کے شعبے کے فروغ کیلئے مصطفیٰ کمال کی قیادت قابل فخر ہے، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی بیٹی کو ویکسین لگوا کر انہوں نے نہ صرف بطور والد اس قومی صحت مہم پر اعتماد کا اظہار کیا ہے بلکہ بطور رہنما قوم کو یہ یقین بھی دلایا ہے کہ ہماری بیٹیوں کی صحت سب سے مقدم ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وفاقی وزیر صحت کا یہ اقدام ویکسین کے خلاف (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

ہر منفی پراپیگنڈے کا بہترین جواب ہے اور اس سے عوام کو حوصلہ اور اعتماد ملے گا انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صحت کے شعبے کے فروغ کے لیے مصطفیٰ کمال کی قیادت قابلِ فخر ہے اور ان کے عملی اقدامات اس عزم کی غمازی کرتے ہیں کہ قوم کی آئندہ نسلوں کو صحت مند مستقبل دیا جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بچوں کو ویکسین لگوانا نہ صرف بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے بلکہ ایک محفوظ اور صحت مند معاشرے کی بنیاد بھی ہے میر سرفراز بگٹی نے والدین پر زور دیا کہ وہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تا کہ آنے والی نسلوں کو بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4

قیمت 30 روپے

صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | اتوار 21 ستمبر 2025ء بمطابق 27 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 258

# وزیر اعلیٰ

# وفاقی وزیر کا اقدام پروپیگنڈے کا بہترین جواب ہے

## سروائیکل کینسر مصطفیٰ کمال نے بیٹی کو ویکسین لگوادی

پاکستان دنیا کا 151 واں ملک جہاں مہم کا آغاز کیا' اللہ کرے منفی ذہن رکھنے والے راہ راست پر آجائیں' ویکسین میں خرابی ہوتی تو اکلوتی بیٹی کو نہ لگواتا

بیٹی کو ویکسین لگوا کر بطور والد قومی مہم پر اعتماد کا اظہار کیا' صحت کے شعبے کے فروغ کیلئے مصطفیٰ کمال کی قیادت قابل فخر' والدین مہم میں بھرپور حصہ لیں، سرفراز بگٹی

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے اپنی صاحبزادی کو سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی ویکسین لگوادی۔ کراچی میں سروائیکل کینسر سے بچاؤ کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں مصطفیٰ کمال نے اپنی صاحبزادی کو ویکسین لگوائی۔ بعدازاں تقریب سے خطاب کرتے

بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

ہوئے وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پاکستان دنیا کا 151 واں ملک ہے جہاں سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی مہم کا آغاز کیا گیا، اس مہم کے آغاز سے ہی گمراہ کن پروپیگنڈا سامنے آرہا ہے جس کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے اپنی بیٹی کو یہ ویکسین لگوانے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اپنے 30 سالہ سیاسی کیریئر میں کبھی میں اپنی فیملی کو منظر عام پر نہیں لایا تاہم آج قوم کی ہر بیٹی کی جان کو محفوظ بنانے کے لئے میں نے اپنی بیٹی کو یہ ویکسین لگوانے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں چاہتا ہوں پاکستان میں کوئی بھی بچی اس مرض سے جان کی بازی نہ ہارے، یہ میری اکلوتی بیٹی ہے، جس طرح مجھے یہ عزیز ہے ویسے ہی قوم کی بیٹیاں عزیز ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ شاید اس عمل سے کسی کا ذہن اس ویکسین کے حوالے سے تبدیل ہو، یہ کام ہم کسی گمنام جگہ پر خاموشی سے بھی کر سکتے تھے، میں نے یہ عمل صرف اللہ کی رضا کے لئے کیا ہے، نہیں چاہتا کہ اس ویکسین کے آجانے کے بعد کسی بچی کی اس مرض سے جان جائے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک میں منفی ذہن رکھنے والے بھی اللہ کرے راہ راست پر آجائیں، اگر اس ویکسین میں کوئی خرابی ہوتی تو میں اپنی بیٹی کو نہ لگواتا۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی بیٹی کو

بقیہ نمبر 49 صفحہ 5 پر

ویکسین لگوا کر انہوں نے نہ صرف بطور والد اس قومی صحت مہم پر اعتماد کا اظہار کیا بلکہ بطور رہنما قوم کو یہ یقین بھی دلایا ہے کہ ہماری بیٹیوں کی صحت سب سے مقدم ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وفاقی وزیر صحت کا یہ اقدام ویکسین کے خلاف ہر منفی پراپیگنڈے کا بہترین جواب ہے اور اس سے عوام کو حوصلہ اور اعتماد ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صحت کے شعبے کے فروغ کے لئے مصطفیٰ کمال کی قیادت قابل فخر ہے اور ان کے عملی اقدامات اس عزم کی غمازی کرتے ہیں کہ قوم کی آئندہ نسلوں کو صحت مند مستقبل دیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بچوں کو ویکسین لگوانا نہ صرف بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے بلکہ ایک محفوظ اور صحت مند معاشرے کی بنیاد بھی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے والدین پر زور دیا کہ وہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ آنے والی نسلوں کو بیماریوں سے محفوظ بنایا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | اتوار 21 ستمبر 2025ء بمطابق 27 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔257

## وفاقی وزیر صحت نے اپنی بیٹی کو ویکسین لگوا کر بطور والد قومی صحت مہم پر اعتماد کیا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

## وفاقی وزیر صحت کا یہ اقدام ویکسین کے خلاف ہر منفی پراپیگنڈے کا بہترین جواب ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی بیٹی کو ویکسین لگوا کر انہوں نے نہ (بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 2 پر)

صرف بطور والد اس قومی صحت مہم پر اعتماد کا اظہار کیا ہے بلکہ بطور رہنما قوم کو یہ یقین بھی دلایا ہے کہ ہماری بیٹیوں کی صحت سب سے مقدم ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وفاقی وزیر صحت کا یہ اقدام ویکسین کے خلاف ہر منفی پراپیگنڈے کا بہترین جواب ہے اور اس سے عوام کو حوصلہ اور اعتماد ملے گا انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صحت کے شعبے کے فروغ کے لیے مصطفیٰ کمال کی قیادت قابلِ فخر ہے اور ان کے عملی اقدامات اس عزم کی غمازی کرتے ہیں کہ قوم کی آئندہ نسلوں کو صحت مند مستقبل دیا جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بچوں کو ویکسین لگوانا نہ صرف بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے بلکہ ایک محفوظ اور صحت مند معاشرے کی بنیاد بھی ہے میر سرفراز بگٹی نے والدین پر زور دیا کہ وہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ آنے والی نسلوں کو بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے۔

CamScanner

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | اتوار 21 ستمبر 2025ء 27 ربیع الاول 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 258

وزیراعلیٰ بلوچستان

# بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے ویکسین لگوانا اگزیر ہے

## وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے اپنی بیٹی کو ویکسین لگوا کر بطور والد اس قومی صحت مہم پر اعتماد کا اظہار کیا ہے

## وفاقی وزیر صحت کا یہ اقدام ویکسین کے خلاف ہر منفی پروپیگنڈے کا بہترین جواب ہے اور اس سے عوام کو حوصلہ اور اعتماد ملے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی بیٹی کو ویکسین لگوا کر انہوں نے نہ صرف بطور والد اس قومی صحت مہم پر اعتماد کا اظہار کیا ہے بلکہ بطور رہنما قوم کو یہ یقین بھی دلایا ہے کہ ہماری بیٹیوں کی صحت سب سے مقدم ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وفاقی وزیر صحت کا یہ اقدام ویکسین کے خلاف ہر منفی پراپیگنڈے کا بہترین جواب ہے اور اس سے عوام کو حوصلہ اور اعتماد ملے گا انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صحت کے شعبے کے فروغ کے لیے مصطفیٰ کمال کی قیادت قابلِ فخر ہے اور ان کے عملی اقدامات اس عزم کی غمازی کرتے ہیں کہ قوم کی آئندہ نسلوں کو صحت مند مستقبل دیا جائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بچوں کو ویکسین لگوانا نہ صرف بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے بلکہ ایک محفوظ اور صحت مند معاشرے کی بنیاد بھی ہے میر سرفراز بگٹی نے والدین پر زور دیا کہ وہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ آنے والی نسلوں کو بیماریوں سے محفوظ بنایا جاسکے۔

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 32 | ہفتہ 20 ستمبر 2025ء بمطابق 26 ربیع الاوّل 1447ھ | شمارہ نمبر 257

وزیر اعلیٰ سے حافظ نعیم الرحمن کی ملاقات

میر سرفراز بگٹی

# میرٹو کریسی کے تحت ترقیاتی و عملی اقدامات آگے بڑھا رہے ہیں

## جماعت اسلامی کا آئی ٹی تربیتی پروگرام ”بنو قابل پاکستان“ نوجوانوں کو قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کیلئے تیار کرنے میں معاون ثابت ہوگا

## 3 ہزار سے زائد سکول فعال کر دیئے، 485 کمیونٹی تعلیمی ادارے قائم، چار دیہی ہسپتالوں کو اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات سے آراستہ کر دیا، گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے ملاقات کی، جس میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی شریک تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی و تعلیمی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے لئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام "بنو قابل پاکستان" کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ وہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر

قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میریٹو کریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کر دیے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں جماعت اسلامی اس سلسلے میں وفاقی سطح پر اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر جماعت اسلامی کے امیر اور ان کے رفقاء کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا جس میں جماعت اسلامی کی صوبائی قیادت کے ساتھ بلوچستان کے صوبائی وزراء، مشیر، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم کو دیے گئے ظہرانے میں وزراء، سیکرٹریز اور ارکان صوبائی اسمبلی شریک ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA 8

Bullet No. 1 Dated: 21 SEP 2025 Page No. –


## پاک سعودیہ دفاعی معاہدہ تاریخ ساز پیش رفت ہے، راحیلہ درانی

**دنیا بالآخر پاکستان کی جغرافیائی و عسکری اہمیت کو سمجھ گئی ہے، صوبائی وزیر تعلیم**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے تاریخی دفاعی معاہدے کو ملک و قوم کے لیے ایک عظیم سنگ میل اور تاریخ ساز پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا بالآخر پاکستان کی جغرافیائی و عسکری اہمیت کو سمجھ گئی ہے۔ انہوں کہا کہ عرب دنیا کا پاک فوج کی شاندار پیشہ ورانہ مہارت، صلاحیت اور جرأت کا اعتراف اس معاہدے کی بنیاد ہے۔ سعودی عرب میں پاکستان کے وزیر اعظم محترم شہباز شریف کا جو تاریخی، پرتپاک اور شاندار استقبال کیا گیا، وہ درحقیقت پاکستان عوام، اس کی افواج اور اس کے قائدین کے لیے عالمی سطح پر احترام و عزت کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا حرمین شریفین کی پاسبانی اور روضہ رسول ﷺ کی حفاظت کا شرف ایک بہت بڑا اعزاز ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو عطا فرمایا ہے۔ موجودہ عالمی حالات میں امت مسلمہ کا متحد ہونا ناگزیر ہو چکا ہے اور پاکستان اس یکجہتی میں ایک اہم ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## صحت کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے، بخت محمد کاکڑ

**عوام کو معیاری اور بنیادی صحت کی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے اقدامات تیز کر دیئے ہیں، غفلت برداشت نہیں کی جائیگی**

**صوبے بھر میں ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کو اپ گریڈ اور نئے طبی مراکز کے قیام پر کام جاری ہے، صوبائی وزیر کی بات چیت**

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، عوام کو معیاری اور بنیادی صحت کی سہولتیں فراہم کرنے کے لیے اقدامات تیز کر دیئے گئے ہیں، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، وزیر صحت نے کہا کہ صوبے کے دیہی اور دور دراز علاقوں میں قائم ہسپتالوں اور بنیادی مراکزِ صحت کو فعال بنانے کے لیے فوری بنیادوں پر عملہ تعینات کیا جا رہا ہے جبکہ بڑے ہسپتالوں میں جدید مشینری اور ادویات کی فراہمی یقینی ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

بنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت جیسے حساس شعبے میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں صحت کی سہولتوں کی کمی ایک بڑا چیلنج ہے، لیکن حکومت صوبے بھر میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کو اپ گریڈ کرنے اور نئے طبی مراکز قائم کرنے پر کام کر رہی ہے

## ماسٹر پلان کے تحت ڈیرہ مراد جمالی کو جدید شہر بنائینگے، صادق عمرانی

**گھروں و تجارتی مراکز کی الاٹمنٹ کیلئے ضلعی انتظامیہ نے کمیٹی تشکیل دے دی ہے، بیان**

نصیر آباد (نامہ نگار) پیپلز پارٹی کی مرکزی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ روٹی کپڑا اور مکان پیپلز پارٹی کا منشور ہے ڈیرہ مراد جمالی کے عوام کو مالکانہ حقوق، گھروں و تجارتی مراکز کی الاٹمنٹ انتخابی منشور میں شامل تھا جس پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے ضلعی انتظامیہ نصیر آباد نے عوام کیلئے گھروں و تجارتی مر......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

اکز کی الاٹمنٹ کیلئے مقامی سطح پر کمیٹی تشکیل دے دی ہے عوام اپنے گھروں اور تجارتی مراکز کی الاٹمنٹ کیلئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کے دفتر میں درخواستیں دیں انہوں نے کہا کہ ہماری سیاست سبز باغ دکھانے کی بجائے عملی کاموں پر یقین رکھتے ہیں مختصر عرصے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی سے نصیر آباد میں میڈیکل کالج، جگر پیوند کاری کا ہسپتال، پٹ فیڈر کینال کا پروجیکٹ اور ڈیرہ مراد جمالی شہر کیلئے ماسٹر پلان لینے میں کامیاب ہو گئے ہیں میگا پروجیکٹ پر تیزی سے کام جاری ہے جس کی تکمیل سے عوام کو صحت کی سہولیات اور کسانوں و زمینداروں کو زرعی پانی میسر ہو گا اور ڈیرہ مراد جمالی کو ماسٹر پلان کے تحت 3 ارب خرچ کر کے جدید شہر بنائیں گے۔

## ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل بلوچستان حکومت کی اولین ترجیح ہے، سلیم کھوسہ

**روڈ نیٹ ورک اور بلڈنگز کے تعمیراتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات**

**چیف انجینئر سی اینڈ ڈبلیو نصیر آباد زون نے پی ڈی کے ہمراہ صحبت پور تا کشمور روڈ (فیز II) کے جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا**

صحبت پور (آن لائن) مواصلات و تعمیرات پختہ بلوچستان کی جانب گامزن ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل بلوچستان حکومت کی اولین ترجیح ہے روڈ نیٹ ورک اور بلڈنگز کے تعمیراتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا عوامی سہولت کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے نصیر آباد ڈویژن میں کئی منصوبے جاری ہیں ان منصوبوں کے معیار کا جائزہ لینے کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو لعل جان جعفر کے احکامات کی روشنی میں چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیر آباد زون بشیر ناصر نے پروجیکٹ ڈائریکٹر ظفر کھوسہ کے ہمراہ صحبت پور تا کشمور روڈ) فیز (II کے جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے منصوبے کے مختلف حصوں کا باریک بینی سے معائنہ کرتے ہوئے ترقیاتی امور کا مشاہدہ کیا اور ایگزیکٹو انجینئر روڈز صحبت پور جہانگیر کھوسہ سے منصوبے کے معیار اور تکمیل کی رفتار کو مزید تیز کرنے کے حوالے سے تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ چیف انجینئر نے ہدایت کی کہ حکام بالا کے احکامات کی روشنی میں تمام امور کو معیاری بنانے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی منصوبے کو مقررہ مدت اور پی سی ون کے عین مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بروقت سہولتیں میسر آ سکیں۔ بعد ازاں بشیر ناصر نے ضلع صحبت پور اور استا محمد میں بلڈنگز کے شعبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر زفدا حسین کھوسہ۔ ارسلہ رند، ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگز صحبت پور عرفان علی، ایگزیکٹو انجینئر استا محمد امتیاز احمد کھوسہ سمیت دیگر فیلڈ اسٹاف بھی موجود تھا۔ دورے کے دوران چیف انجینئر نے دونوں اضلاع میں بلڈنگز کے منصوبوں کو بروقت اور اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کرنے کے لیے واضح احکامات دیے اور کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کے لیے کروڑوں روپے کے منصوبوں پر کام کر رہی ہے

## آغا شکیل کے گھر پر بم حملہ بزدلانہ فعل ہے، سرداری کو ہیار ڈومکی

**ادارے اس بزدلانہ کارروائی کے ذمہ داروں کو فی الفور گرفتار کریں، بیان**

سبی (اے این این) صوبائی وزیر صنعت و تجارت بلوچستان تمندار اقوام ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی نے پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما آغا شکیل احمد درانی کے گھر پر دستی بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دھونس دھمکیوں جان لیوا حملوں سے......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ہمیں عوام کی خدمت سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو قائد جمہوریت شہید بے نظیر بھٹو کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں انہوں نے کہا کہ آغا شکیل احمد درانی پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور محب وطن لیڈر ہیں، آغا شکیل احمد درانی نے ہمیشہ عوامی خدمت بھائی چارے اور علاقے کی خوشحالی کے لئے اپنی خدمات سرانجام دی ہیں اور ہر طبقے میں عزت و احترام کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ حملہ عوامی خدمت کے جذبے پر حملہ ہے


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 21 SEP 2025 Page No. 9

# خوشحالی کیلئے دعوؤں کی بجائے عملی اقدامات کی ضرورت ہے، فیصل جمالی

## بلوچستان کے عوام کے دیرینہ مسائل کا مستقل حل پیپلز پارٹی کے ایجنڈے میں سرفہرست ہے، صوبائی وزیر لائیواسٹاک

### پیپلز پارٹی بلوچستان سمیت پورے ملک کے عوام کو ترقی، روزگار اور مساوی مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے، میڈیا سے گفتگو

اوستہ محمد (آئی این پی) پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر برائے لائیواسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور عوامی محرومیوں کے خاتمے کے لیے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ سنجیدہ اور عملی اقدامات کو ترجیح دی ہے پارٹی کا منشور ایک ایسا جامع روڈمیپ ہے جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کے عوام کو ترقی، روزگار اور مساوی مواقع فراہم کرنے کے پختہ عزم پر مبنی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پارٹی ایک نئے ولولے، جذبے اور وژن کے ساتھ سیاسی میدان میں موجود ہے، اور

بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

بلوچستان کے عوام کے دیرینہ مسائل کا مستقل حل پیپلز پارٹی کے ایجنڈے میں سرفہرست ہے۔ بلوچستان کی پسماندگی کے خاتمے کے لیے محض زبانی دعوے کافی نہیں، بلکہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے عملی منصوبہ بندی اور اقدامات کی ضرورت ہے، اور پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اسی سیاست کو فروغ دیا ہے۔

# صوبائی وزیر میر علی زہری کا دورہ حب، جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

## بارش متاثرین و مستحقین میں بنیادی اشیاء تقسیم کیں، مسائل حل کریں گے، وزیر زراعت

حب (نمائندہ انتخاب) صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری ایک روزہ دورے پر گزشتہ روز حب پہنچے ان کے ہمراہ صوبائی مشیر برائے ماحولیات لالا نسیم الرحمن بھی موجود تھے۔ دورے کے موقع پر صوبائی وزیر نے حب شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا انہوں نے باب بلوچستان کے نئے ڈیزائن کے تحت جاری کام کا معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مزید معیاری اور مقررہ وقت

بقیہ نمبر 23 صفحہ 5 پر

میں مکمل کیا جائے بعد ازاں صوبائی وزیر، چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ کی دعوت پر ان کے گاؤں پہنچے اس موقع پر لوگوں نے ملاقات میں شہری مسائل سے آگاہ کیا، جس پر صوبائی وزیر نے موقع پر ہی متعلقہ محکموں کو فوری حل کے احکامات جاری کیے مزید برآں، میر علی حسن زہری نے محبت خان گوٹھ، ساکران اور چاکر گوٹھ کا بھی دورہ کیا اور حالیہ بارشوں سے متاثرہ مستحق خاندانوں میں ضرورت کی بنیادی اشیا تقسیم کیں۔ انہوں نے کہا کہ "ہم مشکل گھڑی میں اپنے عوام کے ساتھ ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اس کے ساتھ ساتھ صوبائی وزیر نے بارشوں سے متاثرہ لسبیلہ کینال کا بھی معائنہ کیا، جہاں شگاف پڑنے کے باعث پانی کی ترسیل متاثر ہوئی تھی۔ اس موقع پر انہیں بتایا گیا کہ محکمہ اریگیشن اور پی ڈی ایم اے کی ٹیموں نے ہنگامی بنیادوں پر مرمت کر کے پانی کی فراہمی بحال کر دی ہے۔

CamScanner

# علاقائی ترقی، شہری سہولیات کی بحالی کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے، شکیل قادر خان

## مختلف اضلاع میں صفائی، پانی کی فراہمی، سیوریج لائنز کی تنصیب، گلیوں کی صفائی، کچرا اٹھانا اور دیگر بنیادی سہولیات شامل ہیں

## میونسپل کمیٹیوں کو صفائی کے لیے جدید آلات فراہم کرنا بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان کی گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) میونسپل سروسز کی فراہمی کو حکومتوں اور انتظامی اداروں کی اولین ترجیح سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ عوام کی زندگی کے معیار کو براہ راست متاثر کرتے ہیں۔ مختلف اضلاع میں خدمات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں جن میں......

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

صفائی، پانی کی فراہمی، سیوریج لائنز کی تنصیب، گلیوں کی صفائی، کچرا اٹھانا اور دیگر بنیادی سہولیات شامل ہیں۔ اس کے لئے ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں جدید مشینری خریدی جائیگی۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے صوبے میں میونسپل سروسز کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل سروسز کی فراہمی کی اولین ترجیح کے حوالے سے اقدامات صفائی، نکاسی آب، اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی پر خاص توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی ترقی اور شہری سہولیات کی بحالی کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے، جس سے عوام کو مزید بہتر ماحول کی فراہمی ممکن ہو سکے گا۔ صفائی کے لیے انہیں جدید آلات فراہم کرنا بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں صاف ستھرا ماحول قائم رہ سکے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ حکومت کی ان عملی اقدامات اور کوششوں کی بدولت میونسپل سروسز کی فراہمی کو اولین ترجیح دے کر عوام کو بہتر زندگی فراہم کرنے کی کوشش جاری ہے جو صوبے کے ترقیاتی اہداف میں مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 SEP 2025 Page No. 11


# ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی کارروائیاں 87 دکانوں کا معائنہ 5 جیل منتقل

کارروائیاں شہر و مضافاتی علاقوں میں پرائس کنٹرول، ممنوعہ پلاسٹک بیگز، قصابوں، دودھ فروشوں اور تجاوزات کے خلاف عمل میں لائی گئیں

**عوامی سہولت اور قانون کی عملداری کیلئے ایسی کارروائیاں جاری رہیں گی اسپیشل مجسٹریٹس و اسسٹنٹ کمشنر**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ضلعی انتظامیہ نے شہر اور مضافاتی علاقوں میں پرائس کنٹرول، ممنوعہ پلاسٹک بیگز، قصابوں، دودھ فروشوں اور تجاوزات کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں کیں انتظامیہ کی جانب سے 87 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، 13 افراد گرفتار اور 5 کو جیل منتقل کیا گیا۔ کارروائی کے دوران 125 کلوگرام پلاسٹک تھیلے ضبط، 5 دکانیں سیل اور 13 دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے یہ کارروائیاں اسپنی روڈ، بروری روڈ، سریاب روڈ، گوالمنڈی چوک، میزان چوک، جان محمد روڈ، کواری روڈ، عالمو چوک، کچلاک بازار، نواں کلی، ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

برما ہوٹل، مشرقی بائی پاس سمیت مختلف علاقوں میں کی گئیں اسپیشل مجسٹریٹ سب ڈویژن (سٹی) لیاقت علی جتوئی نے عدالت روڈ، مسجد روڈ اور قندھاری بازار میں دودھ فروشوں اور پلاسٹک بیگز کے خلاف کارروائیاں کیں اسپیشل مجسٹریٹ سب ڈویژن (سریاب) عزت اللہ نے سریاب روڈ پر پرائس کنٹرول اور پلاسٹک بیگز بیچنے والوں کے خلاف کارروائی کی۔ اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک) احسام الدین کاکڑ نے قصابوں اور پلاسٹک بیگز استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی۔ جبکہ اسپیشل مجسٹریٹ سب ڈویژن (صدر) حبیب سردار نے نواں کلی، جناح ٹاؤن اور عالمو چوک میں کارروائیاں کیں

# ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کی شہریوں کو کوائف جمع کرنے کی ہدایت

**کوئی فرد پراسرار طور پر غائب ہے تو فوری اطلاع دیں**

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر ڈیرہ بگٹی کے اعلامیہ کے مطابق ضلع ڈیرہ بگٹی کے عوام کو اطلاع دی گئی ہے کہ اگر کوئی فرد پراسرار طور پر غائب ہے یا غیر موجودگی اختیار کیے ہوئے ہے تو اس کے خاندان پر لازم ہے کہ وہ 26 ستمبر 2025 تک پولیس اسٹیشن، سی ٹی......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی یا ایف سی کو اطلاع دیں۔ اگر کسی نے دہشت گرد تنظیم میں شمولیت کی ہے تو خاندان کا حلفیہ بیان لازمی دینا ہوگا۔ بصورتِ دیگر پورا خاندان سہولت کار سمجھا جائے گا اور ATA-1997 کے تحت کارروائی ہوگی۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کیا جائے۔

# ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے ہی سہولیات میسر آئینگی، ڈی سی

**منصوبوں کی تکمیل میں رکاوٹیں ختم کرنے کیلئے انتظامیہ بھرپور تعاون کریگی، مہر اللہ بادینی**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے سب ڈویژن (سٹی) میں محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کی زیر نگرانی جاری ترقیاتی اسکیموں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین سی اینڈ ڈبلیو نوشیروان محمد شہی نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو تمام جاری منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مائنز اینڈ منرل کمپلیکس کے جاری کام کا بھی معائنہ کیا۔ بعد ازاں......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹوریٹ آف ٹورازم کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا، جس میں آرٹ گیلری، ریسٹ ہاؤس، ہال اور دیگر شعبہ جات شامل تھے۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نے ڈائریکٹوریٹ آف وومن ڈویلپمنٹ کے جاری منصوبوں کا معائنہ کیا، جہاں ایکسین سی اینڈ ڈبلیو نے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے فرانزک لیبارٹری کے قیام کے منصوبے کا بھی جائزہ لیا اور اس کے تمام سیکشنز کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے جاری منصوبوں پر کام کرنے والے ٹھیکیداروں سے بھی ملاقات کی اور انہیں ہدایت کی کہ تمام منصوبے شفافیت کے ساتھ مقررہ وقت میں مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر منصوبوں کی تکمیل کے دوران کوئی بھی مشکل پیش آئے تو ضلعی انتظامیہ سے فوری طور پر رابطہ کیا جائے تاکہ مسائل کا بروقت حل نکالا جا سکے۔

# گوادر میں پانی طویل پائپ لائن کو بحال کردیا گیا

**شہریوں کیلئے روزانہ 20 لاکھ گیلن پانی سسٹم میں شامل ہو رہا ہے**

**وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر ڈی جی گوادر کی قیادت میں اقدامات جاری**

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان کی قیادت اور جی ڈی اے کے شعبہ واٹر کی دن رات محنت کے بعد شادی کور ڈیم سے پانی کی سپلائی جی ڈی اے کی مین ٹرانسمیشن لائن میں شروع ہوگئی ہے۔ تقریباً 83 کلومیٹر طویل اس پائپ لائن کو ساڑھے تین سال بعد فعال بنایا گیا ہے، ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

جس کے نتیجے میں روزانہ 20 لاکھ گیلن پانی سسٹم میں شامل ہو رہا ہے، جو شہر میں پانی کے بحران کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد نے سائٹ پر پہنچ کر سپلائی کے شروع ہونے کا جائزہ لیا۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ، سائٹ انجینئر کامران بھی ہمراہ تھے۔ واضح رہے کہ گوادر میں گزشتہ پونے دو سال سے بارشیں نہ ہونے کے باعث آنکاڑہ ڈیم گزشتہ چار ماہ سے خشک ہو چکا ہے جبکہ سوڈ ڈیم بھی خشک ہونے کے قریب ہے۔ اسی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت بلوچستان نے فوری اقدامات کے تحت شادی کور ڈیم پائپ لائن کو بحال کیا

# چمن بارڈر کے راستے افغان پناہ گزینوں کی واپسی کا عمل دوبارہ شروع

**انخلاء کا عمل چمن میں بم دھماکے کے بعد ایک دن کیلئے معطل کردیا گیا تھا**

کوئٹہ (آن لائن) چمن بارڈر کے راستے افغان پناہ گزینوں کی واپسی کا عمل دوبارہ شروع ہوگیا، چمن بارڈر کے راستے افغان پناہ گزینوں کی واپسی کا عمل دوبارہ شروع......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ہوگیا، جو ایک مہلک بم دھماکے کے بعد ایک دن کیلئے معطل کر دیا گیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق حکام نے بتایا کہ یہ عمل جمعرات کو اس وقت روک دیا گیا تھا، جب بارڈر ٹاؤن میں ایک پرہجوم ٹیکسی اسٹینڈ پر واقع عارضی دکانوں کے قریب زوردار دھماکا ہوا تھا، جس میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے تھے۔

# جعفر ایکسپریس کو سیکورٹی خدشات، جیکب آباد اسٹیشن پر مسافروں کو کرایہ ریفنڈ

**مسافروں کو لوکل ٹرانسپورٹ کے ذریعے منزل تک جانے کی ہدایت کی گئی، ریلوے حکام**

جیکب آباد (آئی این پی) جعفر ایکسپریس کو سیکورٹی کلیئرنس نہ مل سکی، جیکب آباد اسٹیشن پر روک دیا گیا، مسافر مشکلات کا شکار تفصیلات کے مطابق پشاور سے کوئٹہ جانے......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

والی جعفر ایکسپریس کو ایک بار پھر جیکب آباد اسٹیشن پر روک کر مسافروں کو کرایہ ریفنڈ کر دیا گیا، جس سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، ریلوے ذرائع کے مطابق بلوچستان سے سیکورٹی کلیئرنس نہ ملنے کے باعث پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پر روک دیا گیا ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 3

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 21 SEP 2025 Page No. 12

# تعلیم خیرات نہیں حق، بلوچستان میں 26 لاکھ بچے علم سے محروم ہیں، حافظ نعیم الرحمن

مافیا کی سرپرستی سیاسی جماعتوں کے زوال کا سبب، ہمیں اچھے لوگوں کو آگے لانے کیلئے جدوجہد میں تیزی لانی ہوگی، امیر جماعت اسلامی پاکستان

ناانصافیوں، غلطیوں پر بروقت نشان دہی کرتے رہیں گے صرف رٹ قائم کرنا ریاست کا کام نہیں بلکہ حقوق بھی دینے ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ حکمران اپنی ناکامی کو تسلیم کریں خوف خدا رکھے اور بہتر نظام اور پارٹی ملک چلا سکتی ہے سندھ اور بلوچستان کا کرپشن میں سخت مقابلہ جاری ہے مافیا کی سرپرستی سیاسی جماعتوں کے زوال کا سبب بنتی ہیں اچھے لوگوں کو آگے لانے کیلئے جدوجہد تیز کرنا ہوگی بنو قابل پروگرام نوجوانوں کو مواقع دینے کی راہ ہے جماعت اسلامی کوئٹہ بلوچستان کے پسے ہوئے لوگوں کے ساتھ........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے الحمد اسلامک یونیورسٹی میں پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن کا جماعت اسلامی میں شمولیت کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن، عبدالنعیم رند نے بھی خطاب کیا حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بلوچستان میں 26 لاکھ بچے تعلیم سے محروم ہیں تعلیم خیرات نہیں بلکہ ہر بچے کا حق ہے بلوچستان میں سورج کی روشنی سے بجلی بنانے کا آسان اور بہتر فارمولا ہے بہاولپور کی بجائے بلوچستان کے زیارت میں سولر پلانٹ لگایا جاسکتا تھا جس سے کم خرچ میں زیادہ بجلی بنائی جا سکتی تھی ناانصافیوں، غلطیوں پر بروقت نشان دہی کرتے رہیں گے صرف رٹ قائم کرنا ریاست کا کام نہیں بلکہ اسکے ساتھ حقوق بھی دینے ہونگے تمام قبائل اور برادریوں کی دیکھ بال حکمرانوں کا فرض ہے۔ قبائلی اور نسلی امتیاز نفرت کیلئے نہیں حضور پاک نے انصاف اور میرٹ کو بنیاد بنا کر فیصلے کئے زبان اور قومیت کی بنیاد پر فیصلہ نہیں بلکہ قرآنی تعلیمات کی بنیاد پر ہونے چاہئے اسلام کا مجموعی نظام پوری انسانیت ہے تعلیم یافتہ افراد اجتماعیت کی مثال بن جاتے ہیں اسلام نے ہمیشہ انفرادیت کی بجائے اجتماعی طور طریقے اور نظام کو تابع کیا اسلام کی بنیاد عدل وانصاف ہے مسلمان کا کام اللہ کی حکمرانی کی جدوجہد کرنا ہے جماعت اسلامی امت کو جوڑنے اور اللہ کی حاکمیت کا کام کرتی ہے کوئی سردار یا نواب، چوہدری حاکم نہیں بلکہ حاکم صرف اللہ ہے جماعت اسلامی مسلک قومیت کے اختلاف پر یقین نہیں رکھتی بلکہ اقلیتوں کو بھی ساتھ رکھتی ہے امریکہ سمیت بہت سے ممالک نسل پرستی پر سیاست کرتے ہیں جماعت اسلامی قوم کے مشترکات کو مدنظر رکھ کر کام کرتی ہے اس موقع پر جماعت اسلامی میں شامل ہونے والے مسلم لیگ ق بلوچستان کے صدر الحمد یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن نے اپنے خطاب میں کہا کہ الحمد اسلامک یونیورسٹی الخدمت کے بنو قابل پروگرام میں معاونت فراہم کرے گی بنو قابل پروگرام نوجوانوں کی سوچ کے مطابق انقلابی تعلیمی قدم ہے بلوچستان کے خوف کی فضاء تعلیم ترقی عدل وانصاف کی فراہمی سے ختم ہونا ممکن ہے بلوچستان کی سرزمین بنجر نہیں پورے پاکستان کو ثمر سایہ دار ادات پھل دے سکتی ہے نوجوانوں کی سوچ کے مطابق پروگرام دینا اصل خدمت ہے نوجوانوں کی تربیت ہی سیاست کا مقصد ہے۔ علم کا شعور عام کرنے ہی ہوگا

# بلوچستان کے سیاسی رہنماؤں کا پاکستان، سعودی عرب دفاعی معاہدے کا خیر مقدم

تاریخی معاہدہ پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات کو نئی مضبوطی دے گا، میر سلیم کھوسہ، بخت محمد کاکڑ، میر عاصم گیلو، شعیب نوشیروانی، علی مدد جتک

دفاعی تعاون مسلم ممالک کے اتحاد اور خطے میں امن واستحکام کا ضامن ہے، مولانا عبدالواسع، مولانا ہدایت الرحمن، مولانا عبدالقادر لونی، حاجی نواز کاکڑ

پاکستان نے برادر ملک سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہو کر اعتماد و یکجہتی کی نئی مثال قائم کی شیخ زرک مندوخیل، محمد طور اتمان خیل، محمد خان لہڑی و دیگر کا بیان

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے حکومتی و سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین حالیہ دفاعی معاہدے خوش آئند اور تاریخی قرار دیتے ہوئے اس کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معاہدہ نہ صرف پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کو نئی مضبوطی دے گا بلکہ خطے میں امن واستحکام کے لیے بھی سنگ میل ثابت ہوگا، یہ بات پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر بلوچستان اسمبلی و صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ، میر عاصم کرد گیلو، میر شعیب نوشیروانی، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی وزیر.......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

صحت بخت محمد کاکڑ، میر صادق عمرانی، حاجی علی مدد جتک، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ، جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی، سابق صوبائی وزیر حاجی نواز کاکڑ، اراکین اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل، حاجی محمد طور اتمان خیل، حاجی محمد خان لہڑی، میر عبید گورگیج و دیگر نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر بلوچستان اسمبلی و صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ، میر عاصم کرد گیلو اور میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات ہمیشہ سے مضبوط ہیں اور یہ دفاعی معاہدہ ان تعلقات کو ادارہ جاتی شکل دے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ دونوں ملکوں کی سلامتی اور عوام کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء و صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، میر صادق عمرانی اور حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ سعودی عرب ہمیشہ مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا رہا ہے

Century Express Quetta

# پنجاب کے سیلاب متاثرین کیساتھ کھڑے ہیں، ہدایت الرحمان

متاثرہ خاندانوں کو خیمے، راشن اور طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی نے پنجاب کے سیلاب متاثرین کے لیے امدادی سامان روانہ کردیا، سامان روانہ کرنے کے بعد صوبائی امیر جماعت اسلامی مولانا ہدایت الرحمان نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی مصیبت کی اس گھڑی میں پنجاب اور خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ کھڑی ہے جماعت اسلامی کے رہنما اور رضا کار پنجاب میں سیلاب متاثرین کی مدد کے لیے متاثرہ علاقوں میں موجود ہیں اور امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں خیبر پختونخوا میں بھی جماعت اسلامی نے بھرپور امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا ہماری جماعت بلاتفریق اور رنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، پنجاب کے سیلاب متاثرین کے ساتھ کھڑے ہیں یہ قدرتی آفت ہے اللہ تعالیٰ اس مصیبت سے چھٹکارا دلائے گا پنجاب کے سیلاب متاثرین مصیبت کی اس گھڑی میں خود کو اکیلا نہ سمجھیں پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ جماعت اسلامی متاثرین (باقی صفحہ 5 نمبر 46)

کے لیے ٹینٹ، خشک راشن اور دیگر اشیاء بھجوائی ہیں اس موقع پر صوبائی مشیر ایس اینڈ جی اے ڈی مجید بادینی کا کہنا تھا کہ 2022 میں ہم نے بھی سیلاب کی ایسی صورتحال دیکھی ہے ہم جانتے ہیں پنجاب کے سیلاب متاثرین کس کرب سے گذر رہے ہیں ہم خیبر پختونخوا اور پنجاب کے متاثرین کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 21 SEP 2025

Page No. 13


# جعفر ایکسپریس حملے کا ماسٹر مائنڈ فتنہ الہندوستان کا دہشتگرد افغانستان میں پراسرار طور پر ہلاک

**دہشتگرد گل رحمان مجید بریگیڈ کا ٹریز اور آپریشنل کمانڈر، سیکیورٹی فورسز، چینی شہریوں اور اداروں پر حملوں میں ملوث تھا، سیکیورٹی ذرائع**

اسلام آباد (این این آئی) فتنہ الہندوستان کا دہشتگرد اور جعفر ایکسپریس حملے کا ماسٹر مائنڈ افغانستان میں ہلاک ہوگیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کا دہشتگرد گل رحمان عرف استاد مرید افغانستان میں پراسرار طور پر ہلاک ہوا۔ ذرائع نے بتایا کہ دہشتگرد گل رحمان فتنہ الہندوستان مجید بریگیڈ کا ٹریز اور آپریشنل کمانڈر تھا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ دہشتگرد گل رحمان سیکیورٹی فورسز، چینی شہریوں، معصوم شہریوں اور مختلف اداروں پر حملوں میں ملوث تھا۔ ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان نے پاکستان کے نہتے معصوم شہریوں، سیکیورٹی فورسز اور سی پیک منصوبوں کو نشانہ بنایا۔ دوسری جانب بھارتی میڈیا اور سوشل میڈیا کے مطابق یہ دہشتگرد افغان صوبے ہلمند میں 17 ستمبر 2025 کو ہلاک ہوا۔

# لورالائی: پولیس کی کامیاب کارروائیاں، چور و رہزن گروہوں کے متعدد افراد گرفتار

**موٹر سائیکل، گاڑیاں اور منشیات برآمد، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے**

لورالائی (نامہ نگار) سی آئی اے نے ایک کارروائی میں گاڑی سے 51 کلو تریاک (افیون) برآمد کر کے دو ملزمان عزیز اللہ ولد نصر اللہ، سیف اللہ ولد رحمت اللہ قوم نورزئی ساکن چمن گرفتار کر لیا۔ دوسری کارروائی میں مشہور منشیات فروش عبدالواسع ولد ملاغنی قوم لونی ساکن نزد کبابش ہوٹل جنکے قبضے سے ایک کلو 10 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کیخلاف کنٹرول آف نارکوٹیکس کا مقدمہ درج کر لیا۔ دریں اثناء پولیس اور پولیس ایگل سکواڈ ٹیم نے مختلف کاروائیوں میں پسٹل کے زور پر موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے حبیب الرحمن ولد انور جان قوم لونی ساکن زنگیوال لعل محمد عرف واحد عرف لالئی قوم لونی ساکن شاہ کاریز لورالائی کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چھینا گیا موٹر سائیکل CG125 اور پسٹل برآمد کر لیا۔ دوسری کارروائی میں شہر سے موٹر سائیکل چوری کرنے والے نذر محمد ولد عبدالحکیم ساکن شاہ کاریز کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 2 موٹر سائیکل برآمد کر لیے جبکہ محمد اعظم عرف جانان ولد نور محمد قوم بابوزئی کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے دو چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لیے۔ گرفتار افراد کیخلاف چوری اور ڈکیتی کے مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ لورالائی پولیس نے بوائز ماڈل ہائی سکول لورالائی سے چوری شدہ کمپیوٹر ایل ای ڈی اور دیگر سامان بھی برآمد کر کے چوروں کو گرفتار کر لیا۔ سی آئی اے لورالائی نے ایک اور کارروائی میں لورالائی شہر میں فحاشی کی غرض سے آنے والے گروہ اور انکے سہولت کار کو گرفتار اور انکے خلاف فحاشی پھیلانے کا مقدمہ درج کر لیا۔ اس سے پہلے لورالائی پولیس نے ایک پیک اپ گاڑی سے 790 کلو (19 من) افیون برآمد کر لی اور دوسری کاروائی میں لورالائی پشین رکھنی سے کاریں چھیننے والے گروہ کے ریحان ولد محمد آصف ساکن قلعہ سیف اللہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے رکھنی اور پشین سے چھینی گئی گاڑیاں بھی برآمد کر لیں۔ پشین سے چوری شدہ گاڑی پشین لیویز کے حوالے کر دی گئی۔ تمام گرفتار افراد کیخلاف کنٹرول آف نارکوٹیکس، بغیر لائسنس اسلحہ رکھنے، چوری، ڈکیتی، اور فحاشی کے مقدمات درج کر لیے گئے۔ مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

# گندم کی خورد برد میں ملوث محکمہ خوراک کے دو سابق فوڈ کنٹرولرز اور اسسٹنٹ گرفتار

**23 کروڑ روپے سے زائد کے خورد برد کا الزام، مزید اہم گرفتاریوں کا بھی امکان ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن بلوچستان نے 23 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی گندم کی خرد برد میں ملوث محکمہ خوراک کے دو سابق ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر اور اسسٹنٹ کو گرفتار کر لیا۔ اینٹی کرپشن ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان عبدالواحد کاکڑ کو شکایات موصول ہوئی تھیں کہ محکمہ خوراک کے سریاب روڈ پر واقعہ گودام سے گندم کی ہزاروں بوریاں غائب ہیں جس پر ڈی جی نے ڈپٹی ڈائریکٹر انوسٹی گیشن محمد سفیان کی سربراہی میں انکوائری ٹیم تشکیل دی جس نے بی آسی سریاب جا کر انکوائری کی اور گزشتہ روز رپورٹ ڈی جی کو پیش کی رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ سابق ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر محمد ذاکر کاکڑ اور سابق ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر اور اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر عبدالحفیظ نے اختیارات کا ناجائز استعمال، سرکاری امانت میں خیانت کرتے ہوئے گودام سے گندم کی سو کلو گرام والی 21 ہزار دو سو 21 بوریاں خرد برد کر کے قومی خزانے کو 23 کروڑ 18 لاکھ روپے کا نقصان پہنچایا ہے۔

# پنجگور: چور رنگے ہاتھوں گرفتار

پنجگور (نامہ نگار) چتکان کے علاقے تار آفس میں اہل علاقہ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دو چوروں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ ملزمان کی شناخت ہدایت ولد مرحوم لال بخش اور ساجد عرف ساجو، ساکنان غریب آباد لانچ چوک کے طور پر ہوئی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیول سوسائٹی پنجگور کے ڈپٹی کنو ینئر گہرام شریف بلوچ موقع پر پہنچے گئے اور اہلِ علاقہ کے تعاون سے دونوں ملزمان کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

# کوئٹہ: مسلح موٹر سائیکل سوار شیخ زید ہسپتال کے سیکورٹی گارڈز سے اسلحہ چھین کر فرار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ مستونگ روڈ مسلح موٹر سائیکل سوار شیخ زید ہسپتال کے نجی سیکورٹی گارڈز سے اسلحہ چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق کوئٹہ مستونگ روڈ پر واقعہ شیخ زید ہسپتال کے مین گیٹ پر ہفتے کی شب دو نجی سیکورٹی گارڈز ڈیوٹی سرانجام دے رہے تھے کہ اس دوران دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مسلح افراد ان سے ایک ٹی ٹی اور ایک ٹوٹو تھری رائفل چھین کر فرار ہو گئے۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

# پنجگور میں گولیوں سے چھلنی لاش برآمد

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور سریکوران پولیس تھانہ کی حدود وزنڈین داز ایریا سے ایک شخص کی نعش برآمد جسم پر گولیوں کے نشانات ہیں نعش کو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں انکی شناخت اللہ داد والد دوست محمد ساکن ناگ ضلع واشک سے ہوئی ہے۔


MASHRIQ QUETTA


# فائرنگ و ٹریفک حادثات کے مختلف واقعات، 7 افراد ہلاک، پولیس اہلکار سمیت 5 زخمی

**تیرا میل میں فائرنگ سے میر اور تنویر جان کی بازی ہار گئے، کچلاک میں فائرنگ سے پولیس اہلکار یاسر زخمی ہوگیا**

**حب و گڈانی میں ٹریفک حادثات میں دانیال اور نامعلوم اسم شخص دم توڑ گیا، پنجگور سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں مختلف حادثات و واقعات میں 9 افراد ہلاک جبکہ پولیس اہلکار سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق تیرا میل دشت کے علاقے میں بھی فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے میر اور تنویر احمد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ جبکہ ہفتہ کو کوئٹہ کے علاقے خروٹ آباد میں نامعلوم افراد نے رکشہ ڈرائیور عامر کو قتل کر دیا۔ حب ٹریفک حادثے کا ایک واقعہ بھی پیش آیا جہاں تیز رفتار گاڑی الٹنے سے ایک شخص ہلاک اور 4 زخمی ہو گئے۔ پنجگور کے علاقے میں......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

انتظامیہ کو ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی اسی طرح گڈانی کے قریب حادثے کے دوران دانیال ہلاک ہو گیا گزشتہ روز کچلاک میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے پولیس اہلکار یاسر کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے۔ قلعہ عبداللہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا۔ نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ اور پولیس کر رہی ہے۔

# گندم کی ہزاروں بوریاں گودام سے غائب، 2 افسران گرفتار

**تحقیقات کے دوران شواہد سامنے آنے پر اینٹی کرپشن نے مقدمہ درج کر لیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے سریاب روڈ پر محکمہ خوراک کے گودام سے 21221 بوری گندم کے غبن کے کیس میں محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان نے کارروائی کرتے...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے محکمہ خوراک کے دو افسران کو گرفتار کر لیا۔ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان عبدالواحد کاکڑ نے بتایا کہ محکمہ خوراک کے سریاب روڈ گودام سے 23 کروڑ 18 لاکھ روپے مالیت کی 100 کلوگرام کی 21221 گندم کی بوریاں غائب ہوئی تھیں جس پر محکمہ خوراک نے یہ کیس محکمہ اینٹی کرپشن کے حوالے کیا، محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان کی تحقیقاتی ٹیم نے شواہد اور ثبوت سامنے آنے پر مقدمہ درج کر کے اختیارات کے ناجائز استعمال، سرکاری امانت میں خیانت اور بدعنوانی کے الزامات کے تحت دو افسران سابق ڈسٹرکٹ فوڈ افسر محمد ذاکر کاکڑ اور سابق اسسٹنٹ فوڈ افسر عبدالحفیظ کو گرفتار کر لیا ہے ملزمان سے مزید انکشافات کی توقع ہے۔

# کوئٹہ: 2 منشیات فروش اپنے ساتھی کی فائرنگ سے ہلاک

**پولیس نے کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ برآمد کر لیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس کی سٹی نالے میں منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کارروائی، منشیات کے اہم ڈیلرز اپنے ساتھی کی فائرنگ سے ہلاک جبکہ بڑی مقدار میں نشہ آور مواد برآمد کر لیا گیا۔ ایس ڈی پی او انور علی کی سربراہی میں کیے گئے آپریشن کے دوران مرکزی منشیات ڈیلر عصمت کی فائرنگ سے اس کے ساتھی ڈیلرز جانان ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

اور صالح عرف قصاب ہلاک ہو گئے۔ کارروائی کے دوران پولیس نے دو پسٹل، تین کلو چرس، ایک ہزار سے زائد نشہ آور پڑیاں اور ٹیبلٹس برآمد کر لیں۔ پولیس نے مزید کارروائی کرتے ہوئے 79 نشے کے عادی افراد کو بھی گرفتار کر کے قیدی وین کے ذریعے ہسپتال منتقل کیا، جہاں ابتدائی علاج کے بعد انہیں ری ہیبلیٹیشن سینٹر بھیج دیا گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 21 SEP 2025 Page No. 16

# کوئٹہ آٹے کا بحران 20 کلو کا تھیلا 2600 روپے تک جا پہنچا، انتظامیہ خاموش

آٹے کی قیمتوں میں اضافے کی بنیادی وجوہات بلوچستان میں گندم کی شدید قلت اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں حالیہ سیلاب شامل ہیں

بروقت گندم مہیا نہ قیمتوں پر کنٹرول پا رہی ہے روٹی اب سونے کے بھاؤ بک رہی ہے بچوں کا پیٹ بھرنا مشکل ہو گیا شہری کی دہائی

جب تک دیگر صوبوں سے گندم کی ترسیل بحال نہیں ہوتی قیمتوں میں کمی ممکن نہیں گندم مہنگی خریدنے کے باعث ہم سستا آٹا بیچنے سے قاصر ہیں فلور ملز مالکان

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے تازہ رپورٹ کے مطابق شہر میں 20 کلوگرام آٹے کا تھیلا 2600 روپے میں فروخت ہو رہا ہے، جو کہ پچھلے مہینوں کے مقابلے میں تقریباً دوگنا مہنگا ہو چکا ہے آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کی بنیادی وجوہات میں بلوچستان میں گندم کی شدید قلت اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں حالیہ سیلاب شامل ہیں، جس کے باعث گندم کی ترسیل میں رکاوٹیں پیدا ہو گئیں۔ ایک ماہ قبل یہی تھیلا ......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

1400 سے 1500 روپے میں دستیاب تھا، مگر اب 2300 سے 2600 روپے میں فروخت ہو رہا ہے مارکیٹ ذرائع کے مطابق بلوچستان میں سرکاری سطح پر گندم کی سپلائی نہ ہونے کے برابر ہے، اور اوپن مارکیٹ میں گندم مہنگے داموں ملنے کے باعث فلور ملز کو آٹا مہنگا کرنا پڑا ہے دوسری طرف پنجاب میں سیلاب سے متاثرہ سڑکوں، گوداموں اور فصلوں کی تباہی نے بحران کو مزید شدید کر دیا کوئٹہ کے شہریوں نے حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بروقت گندم مہیا کر رہی ہے نہ ہی قیمتوں کو کنٹرول کر پا رہی ہے ایک شہری کا کہنا تھا روٹی اب سونے کے بھاؤ بک رہی ہے، بچوں کا پیٹ بھرنا مشکل ہو گیا فلور ملز مالکان کا کہنا ہے

# کوچہ شیر علی جوائنٹ روڈ کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

ٹیوب ویل گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے خراب ہونے کی وجہ سے پانی کی فراہمی مکمل بند ہے

واسا حکام ٹیوب ویل کی جلد مرمت کو یقینی بنائیں بصورت دیگر احتجاج کریں گے، علاقہ مکین

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ کے علاقے کوچہ شیر علی جوائنٹ روڈ کے مکین ٹیوب ویل خراب ہونے کے باعث پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، واسا حکام کو بار بار آگاہ کیے جانے کے باوجود مسئلہ جوں کا توں ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے گنجان آباد علاقے کوچہ شیر علی جوائنٹ روڈ کوئٹہ کا ٹیوب ویل گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے خراب ہونے کی وجہ سے پانی کی فراہمی مکمل بند ہونے کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، علاقہ مکینوں کے مطابق ٹیوب ویل خراب ہونے کی وجہ سے علاقے میں پانی کی فراہمی مکمل طور پر بند ہے بار بار صورتحال سے آگاہ کیے جانے کے باوجود واسا حکام کی جانب سے مسئلے کا نوٹس نہیں لیا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں میں بے چینی پائی جاتی ہے، علاقہ مکینوں کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے وسط میں واقع ہونے کے باوجود علاقے کو پانی کی عدم فراہمی انتہائی افسوسناک امر ہے۔ علاقہ مکینوں نے صوبائی حکومت اور واسا حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مسئلے کا فوری نوٹس لیا اور ٹیوب ویل فوری ٹھیک کرا کے پانی کی فوری فراہمی کو یقینی بنایا جائے بصورت دیگر علاقہ مکین احتجاج پر مجبور ہوں گے

# جھوٹے مقدمات کیخلاف قومی شاہراہوں پر دھرنا دینگے کسان اتحاد پاکستان

بلا جواز حکومتی مقدمہ کے خلاف کچلاک، نصیر آباد، لکپاس و خضدار میں قومی شاہراہوں پر دھرنا و احتجاج کریں گے، خالد حسین باٹھ

پاکستان بھر میں کسانوں سے گندم فی من 1800 میں خریدی اب وہی بلوچستان میں 4000 روپے فی من فروخت ہو رہی ہے، رہنماؤں کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کسان اتحاد پاکستان کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے نصیر آباد میں پرامن احتجاج کرنے والے کسانوں پر ایف آئی آر درج کرنے کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ایف آئی آر فوری طور پر ختم کی جائے بصورت دیگر کسان اتحاد کچلاک، نصیر آباد، لکپاس اور خضدار میں پرامن احتجاج کریں گے، کسان اتحاد پاکستان سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتا ہے یہ بات انہوں نے ہفتہ کو آریہ حورین، رضا محمد قلبی اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی خالد ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

حسین باٹھ نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں گندم کی کاشت سے پہلے گندم کا ریٹ مقرر کریں تاکہ زمیندار زیادہ سے زیادہ گندم کی کاشت کر سکیں۔

انہوں نے کہا کہ کسان اتحاد پاکستان نصیر آباد میں ہونے والے کسانوں کے پرامن احتجاج کے بعد کسانوں پر ایف آئی آر کی مذمت کرتا ہے اور مطالبہ کرتے ہیں کہ 10 روز کے اندر اندر ایف آئی آر ختم کی جائے بصورت دیگر کسان اتحاد پاکستان کچلاک، نصیر آباد، لکپاس اور خضدار میں قومی شاہراہوں پر دھرنا دیکر احتجاج پر مجبور ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ایک کمیٹی تشکیل دے جس میں کسان اتحاد کے ممبران کو بھی شامل کیا جائے کمیٹی تمام اضلاع میں جانچ پڑتال کرے کہ ابھی تک کتنے ٹیوب ویلز سولر سسٹم پر منتقل ہو چکے ہیں اور کتنے باقی رہتے ہیں اور کسانوں کو اب تک کتنی رقم ادا کی گئی ہے تاکہ سولر سسٹم کا مسئلہ حل ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک کسانوں کے بجلی کنکشن منقطع نہ کیے جائیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6/

Dated: 21 SEP 2025

Page No. 15

# نوجوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کا دوٹوک اور قابل ستائش عزم !!

گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز الگ الگ تقاریب کے موقع پر ایک بار پھر اپنے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومت بلوچستان میں علم و ہنر کے فروغ، نوجوانوں کی صلاحیتوں سے خاطر خواہ استفادے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتے ہوئے نہ صرف جدید تعلیم اور مہارتوں کو متعارف کرائے گی بلکہ نوجوانوں کی صلاحیتوں سے خاطر خواہ استفادے کے لئے بھی دوٹوک اور عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ گورنر بلوچستان نے خضدار یونیورسٹی آف انجینئرنگ سے متعلق اجلاس میں سکل ڈویلپمنٹ کے حوالے سے جامع حکمت عملی وضع کرنے کی ہدایات کی ہے جبکہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم سے ملاقات کے موقع پر آئی ٹی کے تربیتی پروگرام بنو قابل پاکستان کے انعقاد پر جماعت اسلامی کا شکریہ ادا کیا ہے اور کہا ہے کہ صوبائی حکومت نوجوانوں خو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں میرٹ کے عملی نفاذ کے حوالے سے ایک بار پھر دوٹوک عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ میریٹوکریسی کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں سولہ ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کر دئے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کئے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یہ جو لفظ میریٹوکریسی استعمال کیا ہے یہ دراصل محض ایک اصطلاح نہیں بلکہ اس کی پشت پر ایک ٹھیک وژن، حکمت عملی اور منصوبہ بندی کارفرما ہے جس کی مختصر ترین تعریف ہم یوں کر سکتے ہیں کہ جس کی جتنی قابلیت اس سے وہی کام لینا۔ یعنی ایک ایسا منظم طریقہ کار جس کے تحت سماجی، اقتصادی اور سیاسی غرض کسی بھی عہدے پر جو تقرری ہوتی ہے اس میں خاندان، اقرباء، مال و دولت یا سماجی و سیاسی پس منظر کو نہیں دیکھا جاتا بلکہ عہدوں پر تقرری خالصتاً میرٹ اور قابلیت و لیاقت کی بنیاد پر ہوتی ہے بلوچستان کو ضرورت ہی اسی چیز کی ہے اور بلاشک ہم وزیر اعلیٰ کے عزم اور وژن کو سراہتے ہیں۔ بلوچستان کوئی شک نہیں کہ پسماندگی کا شکار ہے مگر حکومت اس پسماندگی کے خاتمے کے لئے کوشاں ہے اس وقت بھی صوبے کو معاشی، تعلیمی، اور سماجی لحاظ سے بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے ان چیلنجز میں سب سے اہم نوجوانوں کی تعلیم و تربیت، ان کی صلاحیتوں کا صحیح استفادہ اور انہیں جدید دنیا کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لئے موثر اقدامات کی کمی ہے۔ اس حوالے سے بلوچستان کی حکومت، وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر مختلف منصوبوں اور حکمت عملیوں کے ذریعے صوبے میں نوجوانوں کی ترقی اور ان کے لئے بہتر مواقع فراہم کرنے کی کوششیں کر رہی ہے جو مستحسن ہے گورنر اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے الگ الگ تقریبات کے دوران جو عزم ظاہر کیا ہے قابل ستائش ہے گورنر اور وزیر اعلیٰ کا عزم ہے نوجوانوں کی صلاحیتوں سے خاطر خواہ استفادہ کیا جائے اور انہیں دور جدید کی تعلیم و تربیت فراہم کی جائے تاکہ وہ نہ صرف صوبے بلکہ ملک کی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کر سکیں گورنر نے خضدار یونیورسٹی آف انجینئرنگ کے اجلاس میں سکل ڈویلپمنٹ کے حوالے سے ایک جامع حکمت عملی وضع کرنے کی جو ہدایات دی ہیں یہ اس امر کا واضح پیغام ہے کہ تعلیم کا معیار بڑھانا اور نوجوانوں کے لئے سکل ڈویلپمنٹ پروگرامز شروع کرنا ضروری ہے تاکہ وہ عالمی معیار کی مارکیٹ میں مقابلہ کرنے کے قابل بن سکیں۔ اسی طرح موجودہ صوبائی حکومت نے نوجوانوں کی بہتر تعلیم و تربیت اور ان کے صلاحیتوں کے اعتراف کے لئے جو اقدامات اٹھائے ہیں ان کا سرسری تذکرہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے حافظ نعیم سے ملاقات کے دوران کیا ہے بائی حکومت اس بات کو سمجھتی ہے کہ معاشی اور تعلیمی ترقی کے لئے نوجوانوں کی صلاحیتوں کا صحیح استعمال ضروری ہے۔ بلوچستان میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کی ترقی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے میرٹوکریسی کے اصولوں کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ میرٹوکریسی کا مطلب ہے کہ ہر فرد کو اس کی صلاحیت اور قابلیت کے مطابق موقع ملے گا، نہ کہ کسی کے خاندان، دولت یا سیاسی پس منظر کی بنیاد پر۔ بلوچستان میں وفاقی اور صوبائی حکومتیں باہم مل کر نوجوانوں کے لئے مختلف پروگرامز اور حکمت عملیوں کا آغاز کر رہی ہیں۔ نوجوانوں کو نہ صرف تعلیم و تربیت کے ذریعے ہنرمند بنانا ضروری ہے بلکہ انہیں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے مختلف پلیٹ فارمز فراہم کرنا بھی اہم ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اگر نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جائے تو نہ صرف وہ اپنے لئے بلکہ پورے ملک کے لئے ترقی کے مواقع فراہم کر سکتے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کا یہ مشترکہ عزم قابل ستائش ہے کہ وہ اپنے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کر رہی ہیں اور انہیں مستقبل کی کامیابی کے لئے تیار کر رہی ہیں۔ اس وقت بلوچستان میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے نوجوانوں کے لئے مختلف ترقیاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جو نہ صرف ان کی تعلیم اور ہنر کی بنیاد کو مستحکم کریں گے بلکہ انہیں جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ کریں گے۔ یہ ایک خوش آئند قدم ہے اور امید کی جاتی ہے کہ ان اقدامات کا مثبت اثر نوجوانوں کی زندگیوں پر پڑے گا اور وہ ملک کی ترقی میں بھرپور حصہ ڈالیں گے۔ حکومت کا یہ عزم کہ وہ میرٹ کو بنیاد بنا کر ترقیاتی اور تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھائے گی، بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے ایک روشن مستقبل کی نوید ہے۔ ان کا یہ وژن صوبے کے نوجوانوں کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ یہ کاوشیں نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان میں ایک نیا انقلاب برپا کریں گی جہاں نوجوان اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کر کے ملک کی ترقی میں حصہ ڈال سکیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 21 SEP 2025 Page No. 16

# بلوچستان میں محکموں میں بے ضابطگیاں، گورننس پر منفی اثرات!

بلوچستان میں ہر چند ماہ بعد محکموں میں بے ضابطگیوں کی رپورٹ سامنے آتی ہے۔ بلوچستان کا ایک اہم مسئلہ گورننس ہے مختلف محکموں میں مبینہ کرپشن کی جاتی ہے جس سے صوبائی خزانے کو نقصان پہنچتا ہے ساتھ ہی اداروں کی کارکردگی بری طرح متاثر ہوتی ہے۔ بلوچستان کا بجٹ ایک تو پہلے سے کم ہے اگر اس میں بھی کرپشن کی جائے گی تو بلوچستان میں تبدیلی کیسے آئے گی، عوامی مسائل کیسے حل ہونگے۔ بلوچستان میں کرپشن کا راستہ روکنے کیلئے موثر حکمت عملی بنانے کی ضرورت ہے، محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ایماندار آفیسران کو ذمہ داریاں سونپی جائیں تاکہ بلوچستان کی رقم عوام کی فلاح وبہبود اور ترقی پر خرچ ہو۔ بلوچستان کے محکموں میں بے ضابطگیاں تشویشناک ہیں۔ بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں محکمہ ریونیو میں کئی سنگین بے ضابطگیوں کی نشاندہی ہوئی۔ بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی اصغر ترین کی صدارت میں ہوا۔ محکمہ ریونیو کی آڈٹ اور کمپلائنس رپورٹ پر غور کیا گیا جب کہ اجلاس میں کئی سنگین بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی۔ دوران اجلاس پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو بتایا گیا کہ 2016-17 میں محکمہ ریونیو کے بجٹ میں نان ڈیولپمنٹ فنڈز کی مد میں 3 ارب 33 کروڑ روپے مختص کیے گئے، محکمہ رقم میں سے 2 ارب 59 کروڑ روپے خرچ کرسکا جب کہ 74 کروڑ روپے کی بچت کو واپس ہی نہیں کیا گیا۔ 2019-21 کے دوران 3 کروڑ 37 لاکھ روپے کے اخراجات کا ریکارڈ محکمہ ریونیو نے فراہم نہیں کیا، 2020-22 میں مختلف ڈپٹی کمشنرز نے 19 ارب روپے بینک اکاؤنٹس میں رکھے۔ اجلاس میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو بتایا گیا کہ سرکاری خزانے کے بجائے بینک اکاؤنٹس میں رقم رکھنا قواعد وضوابط کے منافی ہے، 2019-21 کے دوران عشر، آبیانہ اور زرعی انکم ٹیکس کی مد میں ایک ارب روپے سے زائد کی وصولی نہیں کی گئی، رقم وصول نہ کرنے سے سرکاری خزانے کو بھاری نقصان پہنچا۔ بعدازاں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے 5 برس پہلے دیے گئے احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے والے ڈپٹی کمشنرز اور کمشنرز کے خلاف تحریک استحقاق لانے کا فیصلہ کرلیا۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی جانب سے ضلعی آفیسران کے خلاف تحریک استحقاق لانا ایک بہترین عمل ہے تاکہ آفیسران کا محاسبہ ہوسکے، اس سے حقائق سامنے آئینگے، بے ضابطگیوں، مبینہ کرپشن میں ملوث کسی کو بھی نہ چھوڑا جائے، کرپشن ثابت ہونے پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ بلوچستان میں کرپشن کا راستہ روکا جاسکے، ادارے دیانتداری سے کام کریں جس سے بلوچستان کے بیشتر مسائل حل ہونگے، ادارے بھی بہتر کارکردگی دکھائیں جس سے گورننس بہتر ہوگی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 21 SEP 2025

Page No. 17

## بلوچستان یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز!

گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جماعت اسلامی کے مرکزی امیر نعیم الرحمٰن سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ "بلوچستان یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اس سلسلے میں نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جاچکا ہے جبکہ جرمنی کے لیے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے۔صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جارہا ہے۔اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے۔گزشتہ دو سال کے دوران 3200 بند سکول فعال کر دیئے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 465 نئے کمیونٹی سکول قائم کئے گئے ہیں۔اس طرح صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لا رہے ہیں۔بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔اس موقع پر امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے لیے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لیے تعاون کے لیے تیار ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان کی ملاقات کے دوران مذکورہ بات چیت میں صوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز اور دیگر کے جانے والے اقدامات کے بارے میں آگاہی اور تمام صورتحال واضح کی گئی جو کہ یقیناً صوبائی حکومت کے اہم اقدامات ہیں یہ بلاشبہ قابل تعریف اور صوبے کی عوام بالخصوص نوجوانوں کے لیے امید کی ایک بڑی کرن ہے کیونکہ اس وقت صوبے میں نوجوانوں کی ایک بہت بڑی تعداد بے روزگار ہے جن کا انحصار سرکاری آسامیوں پر ہے جوان پر بھرتی نہیں ہو پا رہے۔صوبائی حکومت ان کو بیرون ملک بھجوانے کا فیصلہ کرکے ان کی مشکلات کو ختم کرنے کی کوشش کر رہی ہے جو کہ حوصلہ افزاء ہے۔جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان کی جانب سے بلوچستان حکومت کے مذکورہ اقدامات پر اظہار اطمینان اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے کی عوام کی بہتری کے لیے خاطر خواہ اقدامات کر رہے ہیں۔

اب یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان حکومت کو اپنی مذکورہ جاری اقدامات کے عمل میں تیزی لانی چاہیئے تاکہ صوبے سے بیروزگاری کا خاتمہ اور یہاں کے نوجوانوں میں پائی جانے والی احساس محرومی کا مکمل خاتمہ ہو سکے۔

CamScanner

# صوبے میں میرٹوکریسی کو بنیاد بنا کر ترقی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے ملاقات کی، جس میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی شریک تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی و تعلیمی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے لئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام "بنو قابل پاکستان" کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے

اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور مؤثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیج سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیج کی تربیت جاری ہے صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور مؤثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیج سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیج کی تربیت جاری ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میرٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کر دیے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے صوبے میں "میرٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کر دیے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرام کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرام کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں جماعت اسلامی اس سلسلے میں وفاقی سطح پر اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر جماعت اسلامی کے امیر اور ان کے رفقاء کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا جس میں جماعت اسلامی کی صوبائی قیادت کے ساتھ بلوچستان کے صوبائی وزراء، مشیران، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی۔

# $7.7 billion approved for Reko Diq

Government gave its final nod to the first phase of the Reko Diq Copper Gold Project. Approval, which includes a revised cost of $7.723 billion, marks a crucial turning point for Pakistan. It's not just about a mine; it's about a massive step towards economic stability and progress, particularly for the people of Balochistan. The numbers are staggering. Phase-I alone is expected to start producing concentrate by late 2028. Over its 37 years lifespan, the mine could generate an incredible $90 billion in operating cash flows. The most exciting part? A significant portion of this wealth around $53 billion is projected to stay right here in Pakistan. This isn't just pocket change. This is money that can be used to build schools, hospitals, roads, and create a better future for our people.

The project's benefits are spread across different levels. The federal and Balochistan governments are set to receive billions in fiscal revenue. The Balochistan government, in particular, will see huge gains through its free carry interest and equity inflows. This is a game-changer for a province that has long felt neglected. The project's commitment to community development is also a welcome sign. Providing safe drinking water, building schools, and offering training to local youth are concrete steps towards making sure the people of the region truly benefit from the wealth beneath their feet. This is the kind of inclusive development that can bridge divides and build trust. The project's impact on employment is another major plus. We're talking about 7,500 jobs during the peak construction phase and 3,500 during the mine's operations. These aren't just temporary gigs; they are opportunities for a generation of Pakistanis to learn valuable skills, earn a good living, and contribute to the nation's growth. The fact that Baloch graduates are already being sent overseas for training shows a serious commitment to developing local talent. A project of this size isn't without its challenges. The cost has gone up, which is a point of concern. The revised $7.723 billion price tag is higher than the previous estimate, mostly because of increased financing costs. However, the government's plan to meet these commitments, including a clever arrangement for state-owned entities to use their own reserves, shows a proactive approach to managing the financial side of things. The decision to use local currency for a significant portion of the costs is also a smart move, reducing our exposure to foreign exchange fluctuations.